خطوط بنام ادارہ

ترتیب :مولانا ابرار اللہ شاہ

صاحبزادہ جامع الفقہاء والعلماء : ”مولانا سیدنصیب علی شاہ“ نوراللہ مرقدہ

جناب حضرت ” مولانا سیدنسیم علی شاہ صاحب“ حفظکم اللہ

سلام مسنون کے بعدعرض یہ ہے یہ کہ بندہ نے کچھ ناقص کوشش کی ہے،اوراپنے موضوع کے متعلق کچھ لکھنے کی جسارت کی ہے۔اب بندہ مضمون کی فوٹوکاپی بھیج رہاہے،امید ہے کہ بندہ کی ناقص کوشش کوسہ ماہی مجلّہ ”المباحث الاسلامیہ“ میں شائع فرماکربندہ کی حوصلہ افزائی فرمائیں۔ فجزاک اللہ خیرا

اللہ تعالیٰ آپس کی مساعی جمیلہ کوقبول فرماکر چمنستان شریعت کی سرابی،اور خارستان بدعت کے بیخ کنی کاذریعہ بنائیں۔”آمین“

ضیاء اللہ بن عثمان غنی دیروی متخصص فی علوم الحدیث ، جامعہ فاروقیہ کراچی

جناب قاری ثناءاللہ صاحب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ وبعد ،،،

اُمید ہے مزاج گرامی بخیرہونگے عرض یہ ہے کہ سلسلہ ارسال کچھ عرصہ سے بند ہے باوجودارسال سالانہ مبلغ مقرر علت فارم رکنیت کی عدم معلوم ہوتا ہے فارم کچھ زمانہ پہلے اوراق میں گمشدہ تھا حالاًارسال خدمت آپ حضرات سے امید ہیں کہ تدارک کریں۔

والسلام بندہ محمد صادق عفی عنہ

خدمت گرامی حضرت مولانا سیدنسیم علی شاہ دامت برکاتہم العالیہ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ ،،،

امید ہے کہ مزاج گرامی بخیرہوں گے۔اللہ آپ کوسداخوش رکھے۔اور جملہ خدمات کوقبول ومنظور فرمائے آمین۔

خلاصہ کلام کہ میں نے آپ کارسالہ ”المباحث الاسلامیہ“ مدرسہ عربیہ دارالھدیٰ کے لائبریری میں مطالعہ کیاماشاءاللہ بہتر رسالہ ہے۔میں سالانہ چندہ بھیج رہاہوں۔امید ہے کہ رسالہ روانہ فرماکرشکریہ کاموقع دیں گے۔بھائی غلام اللہ سلیمی سلام عرض کرتے ہیں۔

(مولانا)محمد نورعثمانی مدرسہ عربیہ دارالھدیٰ گوادرمکران

جناب ناظم دفترمجلس التحقیق الفقہی

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبعد ،،،

عرض یہ ہے کہ آپ حضرات کی سہ ماہی اُردوشمارہ بندہ کوملا۔مطالعہ کرکے بہت خوشی ہوئی،کہ اس دورفتن میں دین اوراسلام کی خدمت